# کمیشن آن گورنمینٹ ایفیشنسی کا حتمی اجلاس

**جمعرات، 23 جولائی 2026، شام 5 بجے**

**Landmarks Preservation Commission Public Hearing Room**

**253 Broadway, 2nd Floor, New York, NY 10007**

عمارت میں داخل ہونے کے لیے براہ کرم حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناختی کارڈ ساتھ لائیں۔

## پبلک میٹنگ کا نوٹس

کمیشن آن گورنمینٹ ایفیشنسی (کمیشن برائے حکومتی کارکردگی) جمعرات 23 جولائی 2026 کو شام 5 بجے ایک عوامی اجلاس منعقد کرے گا۔ اس میٹنگ کے انعقاد کا مقام مندرج ذیل ہے

New York City Landmarks Preservation Commission Public Hearing Room, 253 Broadway, 2nd Floor, New York, NY 10007.

عمارت میں داخل ہونے کے لیے حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناخت نامہ درکار ہے۔

کمیشن کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ 3 نومبر 2026 کے عام انتخابات میں یا قانون کے مطابق کسی اور نامزد انتخابی تاریخ پر رائے دہندگان کے سامنے پیش کرنے کے واسطے نیویارک سٹی چارٹر پر نظرثانی کے لئے غور کرے۔

**اجلاس میں عوام الناس کو شرکت کی اجازت ہے۔** چونکہ یہ عوامی اجلاس ہے اور عوامی سماعت کی نشست نہیں ہے، اس لیے عوام کو کمیشن کے تبادلہ خیالات کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملے گا، لیکن اس کے سامنے گواہی پیش کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔

کمیشن کی ویب سائٹ www.nyc.gov/COGE پر تمام عوامی سماعتوں اور میٹنگوں کو براہ راست نشر کرنے کا لنک دستیاب ہوگا۔

**اگر مجھ کو میٹنگ کا مشاہدہ کرنے کے لیے کوئی مدد درکار ہو تو کیا کرنا ہوگا؟**

یہ مقام وہیل چیئر یا نقل و حرکت کے دیگر آلات استعمال کرنے والے افراد کے لیے قابل رسائی ہے۔ امریکی اشاراتی زبان زبان اور ہسپانوی زبان کے مترجمین اور ترجمے کی خدمات آن لائن اور سائٹ پر فراہم کی جائیں گی۔ براہ کرم CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل کرکے یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور وائس میل چھوڑ کر میٹنگ کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے زبان کے ترجمے اور/یا دیگر رسائی کی درخواستیں کریں۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک شامل کیا جائے گا۔

ویب سائٹ www.nyc.gov/COGE پر جا کر کمیشن آن گورنمینٹ ایفیشنسی کے بارے میں **مزید معلومات حاصل کریں۔**